

# سیاحت کی ترقی خوشحال پاکستان کی ضامن ہے

## ممتاز قانون دان جناب حامد خان کا خصوصی پیغام

## (سابق صدر سپریم بار ایسوسی ایشن پاکستان)

پاکستان دنیا بھر میں واحد ایک ایسا ملک ہے کہ جس کی تاریخ ایک طویل ہے اور اس خوبصورت خطہ میں بہت سے مذاہب کے مقدس مقامات بھی ہیں مثال کے طور پر بدھ مت، ہندو مت، سکھ مذہب اور اسی طرح دیگر بہت سارے مذاہب کے مقدس مقامات اس سرزمین پر واقع ہیں جہاں پر سال بھر ان کے عقیدت مندوں کی آمدورفت کا سلسلہ کا رجاری رہتا ہے اور ان مذاہب کے لوگ آنا چاہتے ہیں اس سلسلہ میں حکومت کی ناقص پالیسی کی وجہ سے پاکستان میں ٹورازم مناسب ترقی نہ کرسکا جہاں تک سیاحت کا تعلق ہے تو اس سلسلہ میں دنیا کی دس بڑی چوٹیوں میں نصف سے زائد پاکستان میں ہے پاکستان میں بلند ترین پہاڑوں کا ایک ایسا خوبصورت خزانہ ہے جس کیلئے دنیا کے ہر سیاح کی خواہش ہے کہ وہ اس کو سر کرے اور ہر سیاح کو بھی چاہیے کہ وہ اس کو سر کرے اور اس سلسلہ میں حکومت کو چاہیے کہ وہ سیاحت کے ضمن میں ملک بھر کے سیاحت کی ترقی کیلئے کام کرنے والے اداروں اور اس شعبہ کی سرکردہ شخصیات کی مشاورت سے ایک مضبوط اور جامع پالیسی مرتب کرے اور دنیا بھر کے سیاحوں کو ان مقامات سے آگاہ کرنے کیلئے منظم انداز میں ایک آگاہی مہم شروع کی جائے تاکہ دنیا بھر کے سیر و سیاحت کے شائقین کو پاکستان کے خوبصورت مقامات کے بارے میں علم ہو سکے اس ضمن میں پاکستان ٹورازم پروموشن کونسل کی جانب سے پاکستان ٹورازم ڈائریکٹری شائع کرنے کی کاوش ٹورازم کی ترقی اور اس کو بین الاقوامی سطح پر روشناس کرانے میں نہ صرف معاون ثابت ہوگی بلکہ ایک تاریخی کردار ادا کرے گی اور ان کی یہ کوشش خوش آئند ہے اور کسی بھر قومی خدمت سے کم نہیں اور ہم دعا گو ہیں کہ اس سلسلہ میں پی ٹی پی سی مکمل طور پر کامیابی سے ہمکنار ہو اور پاکستان میں ٹورازم اپنے عروج پر پہنچے اور دنیا بھر کے ٹورسٹ پاکستان آئیں اور اس سلسلہ میں حکومت کو بھی چاہیے کہ وہ اس شعبہ کی ترقی کے ضمن میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرے اور بیرونی ممالک میں پاکستان کے وقار کو بہتر بنائیں کیونکہ ٹورازم کی ترقی سے ملک کو زرمبادلہ حاصل ہوگا جو کہ غیر ملکی قرضوں کی ادائیگی اور ملک کو ترقی سے ہمکنار کرنے کیلئے معاون ہوگا۔

جناب حامد خان کے خاندان نے تحریک قیام پاکستان اور تعمیر پاکستان میں نمایاں کردار ادا کیا اور ملک میں آئین و دستور کی بالادستی کیلئے گراں قدر خدمات سرانجام دیں اور اس وقت ملک کی وکلا برادری میں جناب حامد خان کو ایک خصوصی مقام حاصل ہے۔